## ملک کوسرکاری خزانہ لوٹنے والوں اوربینکوں کے قرضے ہڑپ کرنے والوں سے نجات دلاناچاہتاہوں ۔الطاف حسین

## گر جیلوں میں قومی دولت لوٹنے والے ایک فیصد بھی جاگیرداراوروڈیرے قید ہوں توسیاست سے دستبردارہوجاؤں گا

## پنجاب کےعوام ایک مرتبہ ایم کیوایم کوآزماکردیکھیں،انشاءاللہ ہم عوام کی قسمت بدل کررکھ دیں گے

## ایم کیوایم پاکستان بنانے والوں کی اولادوں کی جماعت ہے وہی پاکستان کوبچائے گی

## لاہور،رحیم یارخان،خانپور،بہاولپور،احمدپورشرقیہ،لیہ،لودھراں،بہاولنگر،کوٹ ادواورمیانوالی میں جلسوں سے بیک وقت خطاب

لندن۔۔۔5،فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف سب سے بڑاچیلنج ہےاورملک کےعوام کوایم کیوایم سے بدظن کرنے کیلئے اس کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے اسلئے کئے جاتے ہیں کہ اگرایم کیوایم کا پیغام ملک بھرمیں پھیل گیاتوملک میں غریب ومتوسط طبقہ کاانقلاب آجائے گااورپھردنیاکی کوئی بھی طاقت پاکستان کی جانب میلی نگاہ نہیں ڈال سکے گی۔ان خیالات کااظہارانہوں نے منگل کےروزصوبہ پنجاب کے 10 شہروں لاہور،رحیم یارخان،خان پور،بہاولپور،احمدپورشرقیہ،لیہ،کہروڑپکالودھراں،بہاولنگر،کوٹ ادواورمیانوالی میں منعقدہ ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ان جلسوں میں ایم کیوایم کے کارکنوں اورعوام کی بڑی تعدادنے شرکت کی۔جلسوں میں ان شہروں سے ایم کیوایم کے نامزدحق پرست امیدواربھی شریک تھے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ میری باتوں کوتوڑمروڑکراس طرح بیان کیاجاتاہے کہ پنجاب کےعوام کوگمراہ کیاجاسکے۔انہوں نے پنجاب کےعوام سے سوال کیاکہ کیاقیام پاکستان کے بعدپنجاب کے عام غریب عوام،مزارعوں،ہاریوں،کسانوں،مزدوروں اورمڈل کلاس طبقہ کےعوام قسمت بدل گئی؟کیاانہیں وہ حقوق اورمراعات حاصل ہیں جوپاکستان کے قیام کے بعدسے آج تک جاگیرداروں،وڈیروں،سرمایہ داروں،جرنیلوں،سول بیوروکریسی اورمراعات یافتہ طبقہ کوحاصل ہیں جوگزشتہ 60 برسوں سے نسل درنسل پاکستان پرحکومت کرتے چلے آرہے ہیں؟جناب الطاف حسین نے کہاکہ جاگیرداروں،وڈیروں اورجرنیلوں نے 60 برسوں سے ملک کے غریب عوام کویرغمال بنارکھاہے۔انہوں نے پنجاب کےعوام کومخاطب کرتے ہوئے کہاکہ آپ کب تک ان جاگیرداروں اوروڈیروں کے ہاتھوں یرغمال بنے رہیں گے؟کب تک انکے پیچھے بھاگتے رہیں گے؟انہیں اپنے کاندھوں پر بٹھاتے رہیں گے؟اورانتخابات میں ووٹ دیکرانہیں قومی،صوبائی اورسینیٹ کے ایوانوں میں بھیجتے رہیں گے؟انہوں نے کہاکہ اگراب بھی ملک بھرکے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام نے اپنی صفوں سے قیادت منتخب کرکے ایوانوں میں نہ بھیجی تووہ ہمیشہ اپنے مسائل کارونا روتے رہیں گے۔انہوں نے کہاکہ ملک کے غریب عوام آٹے،گیس،بجلی،پینے کےصاف پانی،تعلیم اورصحت کی سہولت سے محروم ہیں۔سوال یہ پیداہوتاہے کہ سول یافوجی ادوارحکومت میں یہ چندخاندان نسل درنسل حکومت میں آتے رہے لیکن انہوں نے اپنے علاقے کےعوام کے مسائل کے حل،شہروں،گاؤں اورگوٹھوں کی ترقی کیلئے کیاکام کئے؟جناب الطاف حسین نے کہاکہ جاگیرداروں،وڈیروں،فوجی جرنیلوں اورحکمراں طبقہ نے سرکاری خزانے اوربنکوں سے اربوں کھربوں روپے کےقرضےلیکرہڑپ کرلئے۔مراعات یافتہ طبقہ کے یہی خاندان آٹے،شکراوردال کی ملوں کے مالک ہیں جبکہ غریب عوام آٹے،چینی اورروزمرہ زندگی کی دیگراشیاء کےحصول کیلئے لمبی لمبی قطاریں لگانے پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہاکہ جاگیرداراوروڈیرے پاکستان کےعوام کوآئین اورقانون کاسبق پڑھاتے ہیں لیکن خودکوآئین اورقانون سے ماوراءتصورکرتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ آپ پاکستان کی جیلوں کاجائزہ لےلیں،اگران جیلوں میں قومی دولت لوٹنے والے ایک فیصدبھی جاگیرداراوروڈیرے قیدہوں تو میں سیاست سے دستبردارہوجاؤں گا۔جناب الطاف حسین نے جاگیرداروں،وڈیروں،بیوروکریسی اورفوجی جرنیلوں اورقلم کاسوداکرنے والوں نے پنجاب کے عوام کواپنے ہی ہم وطن اورہم مذہب بنگالیوں کے بارے میں گمراہ کیا،انہیں غداراوربھارتی ایجنٹ قراردیکرپنجاب کےعوام کوگمراہ کیالیکن بنگلہ دیش کے قیام کے بعدیہی جاگیردار،وڈیرے،سرمایہ داراورفوجی جرنیل پاکستان کادورہ کرنے والے بنگلہ دیشی رہنماؤں کوسیلوٹ کرکے ان کااستقبال کرنے لگے اورجب یہ جاگیرداروڈیرےاقتدارمیں آکربنگلہ دیش کادورہ کرتے ہیں توبنگالی شہداءکی یادگاروں پرپھول چڑھاتے ہیں۔انہوں نے کہاکہ جس طرح پنجاب کےعوام کوبنگالی عوام کے خلاف گمراہ کیاگیااسی طرح پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف بھی زہرآلودپروپیگنڈہ کیاگیاکہ ایم کیوایم ملک دشمن،دہشت گردجماعت ہےاورپنجابیوں

اور پختونوں کی دشمن ہے تاکہ پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام کوایم کیوایم سے بدظن کیا جاسکے،انہیں ایم کیوایم کے قریب نہ آنے دیاجائے اور پاکستان پر جاگیرداروں کی حکمرانی برقرار رہے اور ملک بھر کے غریب عوام جاگیرداروں اور وڈیروں کے غلام بنے رہیں۔انہوں نے کہا کہ جاگیرداروں اوروڈیروں کوایم کیوایم سے اس لئے نفرت ہے کہ الطاف حسین نہ تو خود جاگیردار ہے اورنہ ہی جاگیردار کا بیٹا ہے،ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف ایک بڑا چیلنج ہے اور ایم کیوایم کا سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ اس نے غریب اور مڈل کلاس کے تعلیم یافتہ افرادکواسمبلیوں میں بھیجا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ اسلئے کیا جارہا ہے کہ اگرایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام صوبہ پنجاب،پختونخواہ،بلوچستان اور سندھ بھرمیں پھیل گیا تو ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب آجائے گااور ملک بھر کے عوام ایک پرچم تلےمتحد ہوجائیں گے پھر دنیا کی کوئی بھی طاقت پاکستان کوتوڑنا تو کجااس کی جانب میلی نگاہ تک نہیں ڈال سکے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب ایم کیوایم یہ کہتی تھی کہ پاکستان اس کے عوام کیلئے بنا ہے،صرف جاگیرداروں،وڈیروں اورفوجی جرنیلوں کیلئے نہیں بنا ہے تو ایم کیوایم مخالف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماء الزام لگاتے تھے کہ الطاف حسین فوج اور ایجنسیوں کے خلاف بات کرتا ہے اوران کی جانب سے ایم کیوایم اور الطاف حسین پر ملک دشمنی کے الزامات لگائے جاتے تھے۔آج وہی لوگ جب اقتدار سے محروم ہیں تو فوج کے خلاف بات کررہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ فوج کوسیاست میں مداخلت نہیں کرنا چاہیے حالانکہ یہی سیاسی رہنماء فوج کی گود میں بیٹھ کراقتدار میں آتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج جو سیاسی رہنماءفوج کے خلاف بات کررہے ہیں انہوں نے ایک سال بھی جیل میں رہنا پسند نہ کیا اورفوجی حکمراں سے معاہدے کرکے ملک سے باہر چلے گئے۔یہ رہنماء8 سال تک قوم سے جھوٹ بولتے رہے کہ انہوں نے کوئی معاہدہ نہیں کیالیکن پھر 2007ء میں یہ کہنے لگے کہ انہوں نے معاہدہ تو کیا تھالیکن 10 سال کانہیں بلکہ 5 سال کا معاہدہ کیا تھا۔جناب الطاف حسین نے اہلیان پنجاب سے سوال کیا کہ وہ کسی ایک جماعت کا نام بتائیں جواپنی جماعت کے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھےاور باکردار کارکنوں کوٹکٹ دیتی ہو؟انہوں نے کہا کہ 1987ء کے بلدیاتی انتخابات میں ایم کیوایم کے میئرڈپٹی میئرمنتخب ہوئے،اسکےعلاوہ ایم کیوایم نے1988ء،1990ء،1993ء،1997ء اور2002ء کےعام انتخابات میں کامیابی حاصل کی،پنجاب کےعوام بتائیں کہ الطاف حسین نے اپنے خاندان کے کتنے لوگوں کوٹکٹ دیئے؟الطاف حسین یا اسکے خاندان کے کتنے لوگوں نے اپنے لئے محلات بنائے؟الطاف حسین پرطرح طرح کے الزامات لگائے جاتے ہیں،اگر الطاف حسین پرلگائے جانے والے الزامات درست ہوتے تو آج الطاف حسین کے بھی کراچی میں ڈیفنس،مری،اسلام آباد اور لاہور کے مہنگے علاقوں میں بڑے بڑے بنگلے اورمحلات ہوتے اور ملک کی ایجنسیاں انکے ثبوت عوام کے سامنے لاتیں۔انہوں نے سوال کیا کہ کیا الطاف حسین نے سرکاری خزانے کولوٹا؟بینکوں سے کتنے قرضے لیکر ہڑپ کئے؟اگر کئے ہیں تو سرکاری ایجنسیاں عوام کے سامنے لائیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین اورایم کیوایم کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے کئے جاتے ہیں اور پنجاب کےعوام کو ہمارے خلاف اسلئے بدگمان کیا جاتا ہے کہ الطاف حسین کی جماعت حکومت میں آئی تو وہ اربوں،کھربوں روپے کے قرضے ہڑپ کرنے والے جاگیرداروں،وڈیروں اور جرنیلوں سے ایک ایک پیسہ نکلوا کرقومی خزانے میں جمع کروائے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں ملک کے عوام کوسرکاری خزانہ لوٹنے والوں اور بینکوں کے قرضے ہڑپ کرنے والوں سے نجات دلانا چاہتا ہوں،ملک میں انصاف کا ایسا نظام قائم کرنا چاہتا ہوں،جہاں اختیار سب کیلئے ہو،آئین وقانون کی ایسی بالادستی قائم کرنا چاہتا ہوں جہاں قانون کا سب پر یکساں اطلاق ہو،غریب امیرسب کوانصاف ملے،تعلیم کا نظام ایسا ہو کہ غریبوں کے بچے جن اسکولوں میں تعلیم حاصل کرتے ہوں ان کا معیار امیروں کے بچوں کے اسکولوں کے برابر ہو۔جناب الطاف حسین نے انٹرنیشنل میڈیا میں پاکستان کے بارے میں شائع ہونے والے بعض آرٹیکلز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دوسرے لوگ صرف زبانی باتیں کرتے ہیں،میں آپ کوحقائق بتارہا ہوں،آپ ان آرٹیکلز نکال کر پڑھیں اور دیگرلوگوں پڑھائیں،انہیں پڑھ کرآپ کو بخوبی اندازہ ہوجائے گا کہ پاکستان کوغیرمستحکم کرنے کیلئے بین الاقوامی سطح پرسازشیں ہورہی ہیں۔جس کا دل چاہ رہا ہے وہ پاکستان کوغیرمستحکم کرنے کی باتیں کررہا ہے اور یہ کہا جارہا ہے کہ ہم جب چاہیں گے پاکستان میں داخل ہوکر کارروائی کریں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے عوام کواتحاد ویکجہتی کی جتنی ضرورت آج ہے اتنی پہلے نہ تھی۔انہوں نے پنجاب کے عوام کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آؤ! الطاف حسین کا ہاتھ تھام کر دیکھو،ہم متحد ہوجائیں تو خدا کی قسم اگرکوئی پاکستان میں داخل ہوگا تو اسے ہماری لاشوں پر سے گزرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے بزرگوں نے قیام پاکستان کی مخالفت نہیں کی تھی بلکہ بڑی قربانیوں کے بعد پاکستان بنایا تھا لیکن 60 برسوں سے ملک پر وہی خاندان حکومت کررہے ہیں جنہوں نے قیام پاکستان کی مخالفت کی تھی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان بنانے والوں کی اولادوں کی جماعت ہے اور پاکستان بنانے والوں کی اولادوں کی جماعت ہی پاکستان کو بچائے گی۔انہوں نے کہا کہ جاگیرداروں،وڈیروں نے ملک کوتوڑ دیا اور یہ اب باقیماندہ ملک کوبھی توڑنے کے درپے

ہیں۔انہوں نے پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں تا کہ ہم پاکستان کومحفوظ کرسکیں اوراسے مضبوط بناسکیں۔انہوں نے پنجاب کےنوجوانوں سے کہا کہ آپ کو پاکستان بچانے میں اہم کرداراداکرناہوگا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب کے مختلف شہروں میں جلسوں میں موجودعوام کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ تمام جماعتوں کو بار بارآزماکردیکھ چکے ہیں لیکن آپ کی قسمت نہیں بدلی،آپ ایک مرتبہ ایم کیوایم کوآزماکردیکھیں،انشاءاللہ ہم ملک کےعوام کی قسمت بدل کررکھ دیں گے،ہمارے اندرصلاحیت ہےاورہم جوکہتے ہیں وہ کرکے دکھاتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے بعض سیاسی جماعتوں اوروکلاء کی جانب سے پی سی او کےتحت حلف اٹھانے والے ججوں کی مخالفت پرتبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اگرسپریم کورٹ اور ہائیکورٹس کےموجودہ جج صاحبان کاپی سی او کےتحت حلف اٹھاناغلط ہےتوپی سی او کےتحت جنہوں نے پہلے حلف اٹھایاتھاوہ صحیح کیسے ہوسکتا ہے؟انہوں نے سوال کیا کہ اگرشراب کل حرام تھی تو آج حلال کیسے ہوسکتی ہے؟جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کےدشمن عناصرسن لیں کہ تمام ترسازشوں کے باوجودفرسودہ نظام کوبدلنے کیلئے اب پنجاب میں بھی لوگ بیدارہورہے ہیں اوراب ایم کیوایم کےحق پرستانہ پیغام کوپھیلنے سے نہیں روکاجاسکتا۔انہوں نے تمام ترمشکلات اورپروپیگنڈوں کے باوجودمتحدہ کے پرچم تلےحق پرستی کی جدوجہدکرنے والے پنجاب کے تمام نوجوانوں،بزرگوں اورماؤں بہنوں کودل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے پنجاب کےدس شہروں میں انتخابی جلسوں کاانعقادکرنے والےایم کیوایم پنجاب کےتمام کارکنوں اورذمہ داروں کوبھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے خطاب کےاختتام پرپنجاب سےحق پرست امیدواروں کاتعارف بھی کرایا۔

## کشمیرکامسئلہ کشمیریوں کی خواہشات اورامنگوں کےمطابق حل ہوگااورایم کیوایم کےدوراقتدارمیں حل ہوگا۔الطاف حسین کشمیری عوام سےمکمل یکجہتی کااظہارکرتے ہیں۔قائدتحریک الطاف حسین کاپنجاب کے 10 شہروں میں بیک وقت خطاب

لندن۔۔۔5،فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کےقائدجناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ انشاءاللہ کشمیرکامسئلہ کشمیریوں کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق حل ہوگااورانشاءاللہ ایم کیوایم کےدوراقتدارمیں حل ہوگا۔انہوں نے یہ بات منگل کےروزپنجاب کےشہروں لاہور،رحیم یارخان،خان پور،بہاولپور،احمد پورشرقیہ،لیہ،کہروڑپکالودھراں،بہاولنگر،کوٹ ادواورمیانوالی میں منعقدہ ایم کیوایم کےانتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج5،فروری ہےاورملک بھرمیں یوم یکجہتی کشمیرمنایاجارہاہے،لہٰذاایم کیوایم کےتمام کارکنان وعوام کشمیری عوام سےمکمل یکجہتی کااظہارکرتے ہیں۔انہوں نے ایک مرتبہ پھرکشمیرکےحوالے سےایم کیوایم کاموقف بیان کرتے ہوئے واشگاف الفاظ میں کہا ہے کہ کشمیرکےمستقبل کافیصلہ کشمیری عوام کی خواہشات،امنگوں اورمرضی کےمطابق کیاجائے۔

## پیپلزپارٹی کےرہنماؤں سےمخلصانہ اپیل ہے کہ وہ یہ فیصلہ بےنظیربھٹوشہیدکےچہلم کےبعدکرلیں کہ پیپلزپارٹی کی جانب سےوزیراعظم کاامیدوارکون ہوگا۔الطاف حسین

لندن۔۔۔5،فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کےقائدجناب الطاف حسین نے پیپلزپارٹی کےرہنماؤں سےمخلصانہ اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایسے بیانات دینے سےگریزکریں جن سے بےنظیربھٹوشہیدکی روح کوتکلیف پہنچےاوروہ یہ فیصلہ بےنظیربھٹوشہیدکےچہلم کےبعدکرلیں کہ پیپلزپارٹی کی جانب سےوزیراعظم کاامیدوارکون ہوگا۔انہوں نے یہ بات منگل کوپنجاب کے 10 شہروں ایم کیوایم کےانتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ بات انتہائی افسوسناک ہے کہ ابھی محترمہ بےنظیربھٹوشہیدکاچہلم بھی نہیں ہواہےاورپیپلزپارٹی کاایک رہنماکہتا ہے کہ اگر پیپلزپارٹی جیتی توفلاں وزیراعظم بنےگا،دوسراکہتاہے کہ فلاں وزیراعظم ہوگا۔انہوں نے کہا کہ میں پیپلزپارٹی کےرہنماؤں سےمخلصانہ اپیل کرتاہوں کہ وہ ایسے بیانات دینے سےگریزکریں جن سے بےنظیربھٹوشہیدکی روح کوتکلیف پہنچےاوروہ یہ فیصلہ بےنظیربھٹوشہیدکےچہلم کےبعدکرلیں کہ پیپلزپارٹی کی جانب سے وزیراعظم کاامیدوارکون ہوگا۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بےنظیربھٹوکوراولپنڈی میں بیدردی سےقتل کردیاگیاجوکہ ایک بہت بڑاسانحہ ہے۔انہوں نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ بےنظیربھٹوشہیدکوشہادت کادرجہ عطاکرکے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے۔

## پنجاب کی خاموش اکثریت کو آگے آنا ہوگا اور اپنی قسمت کو بدلنے کیلئے اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کرنا ہوگا۔الطاف حسین

لندن۔۔۔5،فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور منصفانہ نظام کے قیام کیلئے پنجاب کی خاموش اکثریت کو آگے آنا ہوگا اور اپنی قسمت کو بدلنے کیلئے ان انتخابات میں اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کرنا ہوگا۔انہوں نے یہ بات منگل کے روز پنجاب کے شہروں لاہور، رحیم یارخان، خان پور، بہاولپور، احمد پورشرقیہ، لیہ، کہروڑ پکا لودھراں، بہاولنگر، کوٹ ادو اور میانوالی میں منعقدہ ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب کے عوام نے تمام جماعتوں کو بار بار آزمایا لیکن انہوں نے عوام کے لئے کچھ نہیں کیا جس کی وجہ سے آج خاموش اکثریت مایوس ہوکر گھر بیٹھ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ میں پنجاب کی خاموش اکثریت سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ آپ ہرگز مایوس نہ ہوں بلکہ 18فروری کو ووٹ ڈالنے کیلئے گھروں سے نکلیں اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی قسمت بدلے، ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہو اور غریب ومتوسط طبقہ کو حقوق ملیں تو آپ چاہے کسی بھی جماعت کا بیج لگائیں لیکن پولنگ بوتھ کے اندر جاکر ایم کیوایم کے امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں اور ایم کیوایم کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم اقتدار میں آئی تو وہ بہاولپور کے عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ کرے گی۔الطاف حسین

لندن۔۔۔5،فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ اقتدار میں آئی تو وہ بہاولپور کے عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ کرے گی۔انہوں نے یہ بات لاہور، رحیم یارخان، خان پور، بہاولپور، احمد پورشرقیہ، لیہ، کہروڑ پکا لودھراں، بہاولنگر، کوٹ ادو اور میانوالی میں منعقدہ ایم کیوایم کے انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ بہاولپور ریاست نے قیام پاکستان کے بعد پاکستان میں شامل ہوکر پاکستان کی بھاری مالی امداد کی لیکن آج بہاولپور کے عوام کے ساتھ مختلف شعبوں میں ناانصافیاں کی جاتی ہیں اور وہ اپنے حقوق سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اقتدار میں آئی تو وہ بہاولپور کے عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ کرے گی۔

## بابا بھٹ اور صالح آباد جزائر میں پانی کی فراہمی خلق خدا کی خدمت کا شاندار کام ہے، رابطہ کمیٹی
## دوسو سال قدیم آبادی کو پانی کی فراہمی کا مسئلہ 60 سال میں کسی حکومت نے حل نہیں کیا تھا
## کراچی کے جزائر بابا بھٹ اور صالح آباد میں پانی کی فراہمی پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، سٹی گورنمنٹ اور اس کے تمام افسران، اہلکاروں اور ملازمین کو مبارکباد اور خراج تحسین

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے جزائر بابا بھٹ اور صالح آباد کی قدیم ترین آبادیوں کو پہلی مرتبہ پانی کی فراہمی پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، سٹی گورنمنٹ اور اس کے تمام افسران، اہلکاروں اور ملازمین کو زبردست مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سٹی ناظم اور سٹی حکومت نے خلق خدا کی خدمت یہ ایسا شاندار کام سرانجام دیا ہے جو گزشتہ 60 برسوں میں کسی حکومت نے نہیں کیا تھا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ان جزائر پر دوسو سال پرانی آبادیاں ہیں جو کراچی کے قدیم ترین باشندوں میں شمار ہوتے ہیں لیکن انہیں آج تک پانی جیسی بنیادی سہولت تک فراہم نہیں کی گئی تھی حتیٰ کہ ان علاقوں کے عوام کے ووٹوں سے منتخب ہونے والوں نے بھی ان کیلئے کچھ نہیں کیا اور ان کی حکومت بننے کے باوجود انہوں نے یہاں کے عوام کو پانی پہنچانے تک کیلئے کوئی کوشش نہیں کی۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ان جزائر سے متحدہ قومی موومنٹ نے کبھی الیکشن نہیں جیتا لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق عوام کی بلاامتیاز خدمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے دوسو سال میں پہلی مرتبہ ان جزائر تک پانی کی پائپ لائنیں ڈالنے کا منصوبہ نہ صرف بنایا بلکہ اس کو عملی جامہ بھی پہنایا جس کے تحت سمندر کے اندر پانی کی پائپ

لائنیں ڈال کرآج ان جزیروں تک پانی پہنچادیا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے بابا بھٹ اورصالح آباد جزائر میں پانی کی فراہمی پران جزائر کےعوام کوبھی دلی مبارکباد پیش کی ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اورحق پرست منتخب نمائندوں نے اپنےعمل سے ثابت کیا ہے کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ کے مطابق عوام کی بلاامتیازاور بےلوث خدمت پریقین رکھتے ہیں اورنہ صرف کراچی وسندھ بلکہ پورے ملک کےعوام کی بلاامتیازخدمت کرناچاہتے ہیں۔

## ممتاز ماہرتعلیم پروفیسرلائق تھیبو کی اہلیہ کےانتقال پرالطاف حسین کی تعزیت

لندن۔۔۔ 5 فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز ماہرتعلیم پروفیسرلائق تھیبو کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہارکرتے ہوئےانہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔(آمین)

## الیکشن کمیشن آف پاکستان اورحکومت پیپلزپارٹی کی غنڈہ گردیوں کافوری نوٹس لے۔اراکین کےایم اوسی

لندن۔۔۔ 5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی کی مضافاتی کمیٹی ( KMOC ) کےاراکین نے الیکشن کمیشن آف پاکستان اورحکومت سے مطالبہ کیاہے کہ لیاری میں پاکستان پیپلزپارٹی کی غنڈہ گردیوں کافوری نوٹس لیاجائے کیونکہ لیاری کے بہت سےعلاقوں کوپیپلزپارٹی نےغنڈہ گردی اوردہشت گردی کے ذریعےنوگوایریابنادیا ہے۔جہاں حق پرست امیدواروں کوانتخابی مہم نہیں چلانے دی جارہی ہے،۔انہوں نے کہا کہ ان علاقوں میں پیپلزپارٹی نے جرائم پیشہ افرادکومسلح کرکے بٹھارکھاہے جنہوں نے نہ صرف ان علاقوں کےعوام کویرغمال بنارکھاہے بلکہ حق پرست امیدواروں سمیت دیگر جماعتوں کےامیدواروں کوانتخابی مہم بھی نہیں چلانے دے دہے ہیں اورجوبھی امیدوارانتخابی مہم کیلئے ان علاقوں میں جانے کی کوشش کرتا ہےاس پر یہ مسلح دہشت گردفائرنگ کردیتے ہیں۔کےایم او سی کے اراکین نے کہاک پیپلزپارٹی نے لیاری میں بدنام زمانہ رحمان ڈکیت اوردیگر جرائم پیشہ افرادکواپنے ساتھ ملارکھاہے جن کے ذریعہ پیپلزپارٹی کے مقامی رہنماءغنڈہ گردی اور دہشت گردی کروارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لیاری کےعوام پیپلزپارٹی کی ماضی کی کارکردگی اورغنڈہ گردیوں سے تنگ آچکے ہیں اور پیپلزپارٹی کےمقامی رہنماءانتخابات میں متوقع شکست سے بوکھلاکرمجرمانہ سرگرمیوں اوردہشت گردی پراترآئے ہیں۔کےایم اوسی کےاراکین نے پیپلزپارٹی کی قیادت سےبھی مطالبہ کیا کہ وہ لیاری میں اپنی جماعت کےمقامی لیڈروں کی ان غنڈہ گردیوں کوبندکروائیں۔

## 12 مئی کےحوالے سےسندھ ہائی کورٹ کے فیصلے سےنام نہادوکلاء رہنماؤں کے چہرے بےنقاب ہوگئے۔رکن رابطہ کمیٹی سلم شہزاد

لندن۔۔۔ 5 فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کےرکن سلیم شہزاد نے12 مئی کےحوالہ سے سندھ ہائی کورٹ کے فیصلہ پربعض نام نہاد وکلاءرہنماؤں کےشرمناک ریمارکس پرتبصرہ کرتے ہوئے کہاہے کہ ان نام نہادوکلاءرہنماؤں کےان بیانات سےان کے چہروں پرپڑاہوانقاب ایک مرتبہ پھراتر گیاہےاورعوام نے دیکھ لیاہے کہ یہ نام نہادوکلاءرہنماءجوصبح شام چلاچلاکرخودکوعدلیہ کےتقدس کاچمپئین قراردیتے ہیں مگردرحقیقت یہ عناصرنہ توعدلیہ کےتقدس پریقین رکھتے ہیں اورنہ ہی عدلیہ کی آزادی سےانہیں کوئی دلچسپی ہے بلکہ یہ عدلیہ کا نام لے کراپنے سیاسی آقاؤں کیلئے ملک میں انتشارپھیلانے کی گھناؤنی مہم چلانے میں مصروف ہیں۔سلیم شہزاد نے کہا کہ جولوگ واقعتاًعدلیہ کی آزادی اورتقدس پریقین رکھتے ہیں انکاطرزعمل یہ ہوتاہے کہ عدالت کاجوبھی فیصلہ ہووہ اسے قبول کرتے ہیں لیکن ان نام نہادوکلاءرہنماءکاوطیرہ یہ ہے کہ اگرعدلیہ ان کی مرضی کافیصلہ دےتویہ اچھل اچھل کرواہ،واہ کرتے ہیں لیکن اگرعدالتیں انصاف کے تقاضوں کےمطابق ایسافیصلہ کریں جوان نام نہادوکلاءرہنماؤں کی مرضی اورمفادات کےخلاف ہوتویہ منہ بھربھرکرعدلیہ کےخلاف دشنام طرازی شروع کردیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کیاعدلیہ کی آزادی،تقدس اورقانون کی بالادستی پریقین رکھنے والوں کایہ طرزعمل ہوتاہے؟سلیم شہزاد نے کہاک درحقیقت یہ نام نہادوکلاء

رہنماء یہ چاہتے ہیں کہ عدالتیں صرف انکی مرضی کے مطابق فیصلے سنائیں اور یہ نہ صرف عدلیہ بلکہ پورے ملک کے عوام کو ڈکٹیٹ کریں۔انہوں نے کہا کہ عوام کو یہ بھی یاد ہے کہ ان نام نہاد وکلاء رہنماؤں نے پہلے بھی کھلم کھلا دھمکیاں دی تھیں کہ اگر سپریم کورٹ ان کی مرضی کے مطابق فیصلہ نہیں کرے گی تو سپریم کورٹ کو آگ لگادی جائے گی۔سلیم شہزاد نے کہا کہ ان نام نہاد وکلاء رہنماؤں کے بیانات سے ایک مرتبہ پھر ثابت ہوگیا کہ یہ عدلیہ کی آزادی وتقدس پر ہرگز یقین نہیں رکھتے بلکہ عدلیہ کا نام لیکر ملک میں انتشار پھیلانے کی کوشش کررہے ہیں مگر اب عوام اور وکلاء برادری انکے اصل چہرے پہچان چکی ہے۔

## آج اندرون سندھ کے چار شہروں میں ایم کیوایم کے انتخابی جلسہ عام منعقد ہونگے
## جلسہ عام سے الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل بروز بدھ دوپہر ایک بجے اندرون سندھ کے چار شہروں میں انتخابی جلسہ عام منعقد کئے جائیں گے۔جلسہ عام سے قائدتحریک جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ایم کیوایم جامشورو کے زیراہتمام جلسہ عام میونسپل گراؤنڈ کوٹری،ٹھٹھہ زون کے زیراہتمام مین چوک بھٹوروسٹی،خیرپورزون کے زیراہتمام دروازہ شریف گمبٹ اورنوشہروفیروز زون کے زیراہتمام تھری روڈ محراب پور سٹی میں جلسہ عام منعقد کئے جائیں گے۔جلسہ عام سے قائدتحریک جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔

## ایم کیوایم نے بلاامتیاز رنگ ونسل عوام کی خدمت کی ہے،سید سردار احمد
## انتخابی مہم کے سلسلے میں کوکن،فاران،اووسیز،نسیم اورٹریڈ کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی کے وفود سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 116 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار سید سردار احمد نے کہا کہ ایم کیوایم نے بلاامتیاز رنگ ونسل اورتمام تر امتیازات سے بالاتر ہوکر عوام کی عملی خدمت کی ہے۔یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں کوکن،فاران،اووسیز،نسیم اورٹریڈ کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹیز کے وفود سے ملاقات اوراپنے حلقہ انتخاب میں منعقدہ ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ زلزلہ زدگان کی بحالی کی مہم ہویا،سیلاب زدگان کی امداد ہویا کوئی سانحہ ہوا ایم کیوایم نے اپنی بساط سے بڑھ کر دکھی انسانیت کی خدمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے سندھ کے ان علاقوں میں ترقیاتی کام کرائے جہاں سے ایم کیوایم کے نمائندے کامیاب نہیں ہوئے اوران علاقوں کے عوام کے بنیادی مسائل حل کئے۔سید سردار احمد نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ ملک بھر میں پھیل چکا ہے اورآئندہ انتخابات میں ملک بھر کے عوام حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔

## آل سائٹ ہوٹل ویلفیئر ایسوسی ایشن اورڈیرہ اسماعیل خان کی پختون برادری نے آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدوار عبدالحسیب اورخواجہ سہیل کی مکمل حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔آل سائٹ ہوٹل ویلفیئر ایسوسی ایشن اورڈیرہ اسماعیل خان کی پختون برادری نے آئندہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی ایس 92 عبدالحسیب اور برائے این اے 240 خواجہ سہیل کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت سائٹ انڈسٹریل ایریا میں منعقدہ بڑے اجتماع میں کیا۔اجتماع میں پختون نوجوانوں،بزرگوں اورآل سائٹ ہوٹل ویلفیئر ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔اجتماع میں پختون عمائدین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین پاکستان کے تمام مظلوموں کے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں اورحق پرستی کی جدوجہد میں پختون برادری بھی ایم کیوایم کے ساتھ ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے قلیل عرصے میں کراچی کو دنیا کے ترقی یافتہ شہروں کی صف میں

لاکھڑا کیا ہے اوراسی عملی کام کر دیکھتے ہوئے ہمیں یقین ہے کہ حق پرست قیادت کو موقع ملا تو ملک میں ترقی وخوشحالی کا انقلاب برپا کردے گی ۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران نے کہا کہ حق پرست قیادت سائٹ انڈسٹریل ایریا کے عوام اور کاروباری طبقہ کے عوام کے مسائل حل کرتی رہی ہے اور عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رہے گا ۔ انہوں نے حق پرست امیدواران کی حمایت کا اعلان کرنے پر سائٹ ہوٹل ویلفیئر ایسوسی ایشن اور ڈیرہ اسماعیل خان کی پختون برادری سے دلی تشکر کا اظہار کیا ۔

## لانڈھی ٹاؤن اہل سنت والجماعت کے علمائے کرام نے حق پرست امیدواران آصف حسنین اور سردار احمد کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔ ۔ ۔ 5 فروری 2008ء ۔ ۔ ۔ لانڈھی ٹاؤن اہل سنت و الجماعت کے علمائے کرام نے عام انتخابات میں حق پرست امیدوار برائے این اے 255 آصف حسنین اور برائے پی ایس 128 سردار خان کی حمایت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے لانڈھی میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا ۔ حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کرنے والے علماء میں سید حضور حسین شاہ شیرازی ، سید امیر حسین شاہ شیرازی ، صاحبزادہ عبداللہ کامل ، علامہ سید نظر سعیدی ، علامہ انور ھجویری اور عمر فاروق قادری شامل ہیں ۔ اس موقع پر علمائے کرام نے کہا کہ حق پرست قیادت شہر کی ترقی وخوشحالی کیلئے کوشاں ہے اور متحدہ قومی موومنٹ کی عملی کاوشوں کی وجہ سے ہی آج سندھ میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری فروغ پارہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام کے درمیان بھائی چارے کی فضاء کا قیام قائد تحریک جناب الطاف حسین کا بڑا کارنامہ ہے ۔ حق پرست امیدوارن آصف حسنین اور سردار احمد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی وموومنٹ علمائے کرام کے تعاون سے ملک بھر میں امن ومحبت اور بھائی چارے کی فضاء قائم کرے گی ۔

## نیو کراچی کی گودھرا شیخ برادری نے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔ ۔ ۔ 5 فروری 2008ء ۔ ۔ ۔ گودھرا شیخ برادری کے جوائنٹ سیکریٹری حفیظ بھوری اور وائس چیئر مین و بزرگ کمیٹی کے رکن محمد سراج نے حق پرست قیادت کی جانب سے بلاتفریق ترقیاتی وتعمیراتی کاموں سے متاثر ہوکر آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز گودھرا میڈیکل سینٹر سیکٹر 110G نیو کراچی میں گودھرا شیخ برادری کے تحت منعقدا جتماع میں کیا ۔ اجتماع میں حق پرست امیدوار برائے پی ایس 100 عادل صدیقی اور علاقے کے معززین بھی بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ اس موقع پر عادل صدیقی نے گودھرا میڈیکل سینٹر کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے ایک لاکھ روپے کا عطیہ دیا ۔ اجتماع میں گودھرا شیخ برادری کے نمائندوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا اور ایم کیوایم کا فلاحی ادارہ خدمت کے جذبے سے سرشار ہوکر دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہے ۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار عادل صدیقی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ملک بھر کے عوام کے درمیان ہم آہنگی اور بھائی چارے کا فروغ چاہتی ہے ۔

## ایم کیوایم ، پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے قائد نہ تو خود الیکشن میں حصہ لیتے ہیں اور نہ ہی انہوں نے اپنے کسی رشتہ دار کو الیکشن لڑایا ، علیم الرحمان

## ناصر کالونی کورنگی کی شیخاواٹی اور کاٹھیاواڑی برادریوں نے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔ ۔ ۔ 5 فروری 2008ء ۔ ۔ ۔ کورنگی کے علاقے ناصر کالونی کی شیخاواٹی اور کاٹھیاواڑی برادری نے عام انتخابات 2008ء میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا ہے جبکہ کاٹھیاواڑی برادری کی سرکردہ شخصیات محمد موسیٰ اور عبدالستار نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان بھی کیا ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کورنگی سیکٹر 41/A اور ناصر کالونی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں میں کیا جس میں علاقے کی مختلف برادریوں کے افراد نے کثیر تعداد میں

شرکت کی۔ کارنرمیٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے علیم الرحمٰن نے کہا کہ ایم کیوایم نے الیکشن کے موقع پر انتخابی ٹکٹوں کا نیلام گھر سجانے کے بجائے غریب کارکنان الیکشن لڑنے کا موقع دیا ہے اور ایم کیوایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے قائد نہ تو خود الیکشن میں حصہ لیتے ہیں اور نہ ہی انہوں نے اپنے کسی رشتہ دار کو الیکشن لڑایا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی دیگر سیاسی جماعتوں کو ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کے اس عمل کی تقلید کرنی چاہئے۔ انہوں نے کاٹھیاواڑی اور شیخا واٹی برادریوں کی جانب سے حق پرست امیدواروں کی حمایت کے اعلان کا خیرمقدم کیا۔

## غریب ومظلوم عوام کل بھی ایم کیوایم کے ساتھ تھے اور آج بھی ہیں، فیصل سبزواری

## میٹرو ول III بلاک 2 گلزار ہجری میں منعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگ سے حق پرست امیدوار کا خطاب

کراچی ۔۔۔5 فروری 2008ء۔۔۔صوبائی کے حلقہ 126 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار فیصل سبزواری نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جڑیں عوام میں مضبوطی سے قائم ہیں اور ماضی کی طرح آج بھی عوام ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز میٹرو ول III بلاک 2 گلزار ہجری میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ گزشتہ پانچ برس میں شہر میں جس قدر تعمیر وترقی کے بلاامتیاز وتفریق کام ہوئے ہیں اس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی اور ایم کیوایم اپنا کردار صرف شہری سطح پر ہی نہیں بلکہ ملکی سطح پر بھی انجام دے رہی ہے اور عوام کی جانب سے ایم کیوایم کے عملی اقدامات کا زبردست خیرمقدم کیا جارہا ہے۔

## حق پرستوں کی اعلیٰ کارکردگی کو مخالفین بھی تسلیم کرنے پر مجبور ہیں، شیخ محمد افضل

## کورنگی کے مختلف علاقوں میں منعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگوں سے حق پرست امیدوار کا خطاب

کراچی ۔۔۔5 فروری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 123 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس کے مطابق ایم کیوایم کا ہر نمائندہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے عملی طور پر کوشاں ہے اور حق پرستوں کی گزشتہ پانچ سالہ اعلیٰ کارکردگی کو مخالفین بھی تسلیم کرنے پر مجبور ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز 36-C آئی ایریا کورنگی نمبر 5، سیکٹر 35-B ایریا، M ایریا کورنگی نمبر 31/2، ST یوسی 5، فرینڈز مال کورنگی نمبر 4 پر منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ شیخ محمد افضل نے کہا کہ ملک کو غیر مستحکم کرنے کیلئے جو سازشیں کی جارہی ہیں ان سے جناب الطاف حسین نے قوم کو آگاہ کردیا ہے اور ایسے نازک حالات میں عوام کو اپنے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ 18، فروری کے دن عوام نام نہاد سیاسی مذہبی جماعتوں کو بری طرح سے مسترد کردیں گے اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔

## عوام جاگیرداروں کے بجائے اپنے اصل نمائندوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے، ساجد احمد

## ملیر جعفر سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے حق پرست امیدوار برائے این اے 257 کا خطاب

کراچی ۔۔۔5 فروری 2008ء۔۔۔قومی اسمبلی کے حلقہ 257 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار ساجد احمد نے کہا ہے کہ 18، فروری کا دن جاگیرداروں اور قومی دولت لوٹنے والوں کے احتساب کا دن ہوگا اور اس دن غریب ومتوسط طبقے کے عوام جاگیرداروں اور قومی لٹیروں کے بجائے اپنے اصل نمائندوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ملیر جعفر طیار سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ساجد احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے ہمیشہ حق وسچ کا ساتھ دیا ہے اور عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی کام کرکے عوام کے دل جیتے

ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہرقومیت، برادری اور مذہب سے تعلق رکھنے والے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہیں اور ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف متحد ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کے جوش وخروش سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے۔

## ایم کیوایم اسکیم 33 معمار، سوسائٹی اور نیو کراچی سیکٹرز کے تحت بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے انتخابی سرگرمیاں زوروشور سے جاری ہیں اوراس سلسلے میں عوامی سطح پربھی زبردست جوش و خروش دیکھنے میں آرہاہے۔انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم اسکیم 33 معمار سیکٹر، ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹراورایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے زیراہتمام بڑی انتخابی ریلیاں نکالی گئیں جن میں حق پرست عوام وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ اسکیم 33 معمار سیکٹر سے نکالی گئی انتخابی ریلی کی سربراہی حق پرست امیدوار برائے این اے 253 حیدرعباس رضوی اور امیدوار برائے پی ایس 126 فیصل سبزواری نے کی۔انتخابی ریلی نے علاقے کے مختلف علاقوں کا چکرلگایااورسیکٹرآفس پراختتام پذیرہوگئی۔ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران حیدرعباس رضوی اورفیصل سبزواری نے کہا کہ ایم کیوایم کے تحت مختلف علاقوں میں نکالی جانے والی بڑی ریلیاں اورکارنرمیٹنگوں کے انعقاد سے مخالفین کے دانت کھٹے ہوچکے ہیں اورانہیں آئندہ انتخابات میں اپنی شکست واضح دکھائی دے رہی ہے۔ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے تحت انتخابی ریلی چاندنی چوک سے نکالی گئی جومختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی بہادرآباد پراختتام پذیرہوئی۔اسی طرح ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے تحت بڑی ریلی نکالی گئی جوسفید اسکول سے براستہ لال مارکیٹ سیکٹر F-5 نیوکراچی سے طلحہ مسجد، لاڑکانہ بیکری، خیام اسٹاپ، کریم ویو، مدینہ کالونی، محمد حنیف مسجد سے ہوتی ہوئی نیوکراچی سیکٹر پراختتام پذیرہوئی۔ریلی کے شرکاء موٹرسائیکلوں، کاروں، جیپوں، بسوں، ٹرکوں اور سوزوکیوں میں سوار تھے۔ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اٹھار کھے تھے اوران کے فلک شگاف نعرے فضاء میں گونج رہے تھے۔

## مفاد پرست عناصر شہر کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں، وسیم اختر، رؤف صدیقی

## اے بی سینالائن، گجر چوک منظور کالونی اور مدینہ روڈ پر منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر اور برائے پی ایس 114 رؤف صدیقی نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت نے ملک میں سیاسی استحکام اور جمہوریت کے فروغ کی خاطر عام انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے بلال مسجد اے بی سینالائن، گجر چوک منظور کالونی، مدینہ روڈ جیکب لین میں منعقدہ بڑے انتخابی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماعات میں نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔حق پرست امیدواران وسیم اختر اور رؤف صدیقی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اورعوام میں شعوری بیداری کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ مفاد پرست عناصر نہیں چاہتے کہ شہر، صوبے اور ملک میں امن وسکون رہے اورترقی ہوعوام ایسے عناصر کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔

## ایم کیوایم صوبائی خودمختاری کے معاملے پر دوٹوک مؤقف رکھتی ہے، رضاہارون

## جٹ لین اور کچاروڈ جیکب لائن میں منعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 115 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار محمد رضاہارون نے کہا کہ چھوٹے صوبوں کے جائز حقوق اور وسائل کا مطالبہ ایم کیوایم کے منشور کا حصہ ہے اور ایم کیوایم مکمل صوبائی خودمختاری کے معاملے پر دوٹوک مؤقف رکھتی ہے۔ یہ بات

انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے کالی ٹنکی جٹ لین، امامیہ مسجد رکشہ اسٹینڈ اور کچا روڈ جیکب لین میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ رضا ہارون نے کہا کہ ایم کیو ایم مکمل صوبائی خودمختاری چاہتی ہے، ملک سے دہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ اور پرائیویٹ اور سرکاری اسکولوں میں یکساں نصاب تعلیم کے نظام کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی خودمختاری کے حصول کیلئے سیاسی و مذہبی جماعتوں اس طرح کردار ادا نہیں کیا جو انہیں کرنا چاہیئے تھا لیکن ایم کیو ایم اس معاملے پر کل کی طرح آج بھی دوٹوک مئوقف رکھتی تھی۔

## سندھ کے عوام اتحاد و بھائی چارے کو فروغ دیں، رشید گوڈیل، ڈاکٹر صغیر احمد

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران برائے این اے252اور برائے پی ایس117 ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا ہے کہ سندھ کی قومی وحدت کا تقاضہ ہے کہ تمام طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد آپس میں اتحاد و بھائی چارے کو فروغ دیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز برکاتی محل جمشید روڈ اور پیر کالونی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ حق پرست امیدواران نے کہا کہ ملک کی سلامتی کے خلاف سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے ملک بھر کے عوام کو قومی یکجہتی اور مثالی اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام مفاد پرست سیاسی و مذہبی جماعتوں کو یکسر مسترد کردیں گے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عوامی مسائل کے حل کیلئے عملاً کوشاں ایم کیو ایم کے نامزد امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد اور کورنگی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کی یونٹ کمیٹی کے رکن آصف احمد کے والد نسیم احمد اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن خالد وسیم کی والدہ محترمہ امت النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## لیاقت آباد کے شہزاد ڈسکو نامی شخص کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لیاقت آباد کے رہائشی شہزاد ڈسکو نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہزاد ڈسکو نامی شخص کا متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور علاقے میں سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر ایم کیو ایم کا نام استعمال کرکے اسے بدنام کرنے کی کوشش کررہے ہیں اور تاکہ آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم کی ساکھ کو متاثر کیا جاسکے۔ رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایسے نام نہاد عناصر کی اطلاع قریبی پولیس اسٹیشن یا ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر دیں۔

## یوم یکجہتی کشمیر کے حوالہ سے اجلاس کی کارروائی میں پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنے کا موقع نہ دینے پر پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کا شدید احتجاج

مظفر آباد۔۔۔5،فروری2008ء۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے یوم یکجہتی کشمیر کے حوالہ سے منعقدہ اسمبلی اور کونسل کے مشترکہ اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنے کا موقع نہ دینے پر شدید احتجاجاً کھڑے ہوکر حکومت پر شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ تمام جماعتوں کو بات کرنے کا موقع ملنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال میں بارہ گھنٹے اسمبلی کی کارروائی ہوتی ہے جس میں چھ گھنٹے صرف قائد ایوان کو ملے

باقی چھ گھنٹے دیگر اراکین کو ملے۔انہوں نے کہا کہ بارہ گھنٹے کی کارروائی کے لئے کروڑوں روپے ضائع کر دیئے گئے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے ایوان کے اندر وعدہ کیا تھا کہ دو ماہ میں اسمبلی اجلاس منعقد ہوا کرے گا تا کہ اراکین اسمبلی تفصیل سے عوامی مسائل پر بات چیت کر سکیں۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ حکومت کی طرف سے انتقامی تبادلوں کا سلسلہ بند کیا جائے،محکمہ تعلیم میر پور سمیت دیگر اضلاع میں خواتین میں بیوگان اور معذور خواتین بھی ہیں انہیں بھی انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری اداروں میں من پسند اور نا اہل ترین افراد کو بھرتی کر کے میرٹ کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں اور سیاسی بنیادوں پر خواتین اساتذہ کا جینا حرام کیا جا رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی طرف سے کروڑوں روپیہ احتساب بیورو پر خرچ کیا جا رہا ہے۔انہوں نے اجلاس باقاعدگی سے بلانے کا مطالبہ کیا اور زلزلہ کے دوران اغواء ہونے والی کشمیری لڑکیوں کو برآمد کرنے کیلئے حکمت عملی بنانے پر زور دیا۔

## تحریک انصاف مظفر گڑھ کے ڈویژنل صدر رانا مشتاق احمد نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کر دیا

مظفر گڑھ۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔تحریک انصاف مظفر گڑھ کے ڈویژنل صدر رانا مشتاق احمد نے ایم کیوایم کی قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ناولٹی تھیٹر ہال میں منعقدہ جلسہ عام کے موقع پر کیا۔اس موقع پر سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز،ڈپٹی آرگنائزر غلام یٰسین آزاد،ڈسٹرکٹ آرگنائزر چوہدری جاوید افسر آرائیں ، اے این 178 سے نامزد حق پرست امیدوار عبدالقیوم خان ایڈووکیٹ،صوبائی اسمبلی سے نامزد حق پرست امیدوار خالد ایڈووکیٹ اور محترمہ فرخندہ کے علاوہ دیگر ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔

## متحدہ قومی موومنٹ وفاق پر یقین رکھتی ہے،غیاث الدین جانباز
## ناولٹی تھیٹر ہال میں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب

مظفر گڑھ۔۔۔5فروری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ وفاق پر یقین رکھتی ہے اور ملکی وسائل کی منصفانہ تقسیم چاہتی ہے اور 18،فروری کا دن پنجاب کے عوام ایم کیوایم پر اعتماد کی مہر لگا کر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کا آغاز کر دیں گے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم پنجاب کے سینئر ڈپٹی آرگنائز غیاث الدین جانباز نے پیر کے روز ناولٹی تھیٹر ہال میں پنجاب سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں انتخابی مہم کے سلسلے میں منعقدہ انتخابی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جلسہ عام میں جنوبی پنجاب کے مختلف شہروں اور قصبوں اور دیہاتوں کے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی،اس موقع پر پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے ڈپٹی آرگنائزر یٰسین آزاد کے علاوہ ملتان ، مظفر گڑھ ،لیہ،رحیم یار خان ،بہاولپور، بہاولنگر کے ڈسٹرکٹ آرگنائزر اور دیگر ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔تقریب سے ڈپٹی آرگنائزر غلام یٰسین آزاد،ڈسٹرکٹ آرگنائزر چوہدری جاوید،قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 178 سے نامزد حق پرست عبدالقیوم خان ایڈووکیٹ،صوبائی اسمبلی کے نامزد حق پرست امیدوار معین الدین ایڈووکیٹ،ممبر پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی شعبہ خواتین کی رکن محترمہ فرخندہ،سید امیر علی شاہ اور مولانا اسماعیل قادری نے بھی خطاب کیا۔غیاث الدین جانباز نے کہا کہ جنوبی پنجاب کی پسماندگی ہنوز برقرار ہے اور اس خطے سے منتخب ہونیوالے نمائندگان نے یہاں کے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا بلکہ عوامی مینڈیٹ سے ملنے والی وزارتوں کو اپنے ذاتی مقاصد کیلئے استعمال کیا۔ڈپٹی آرگنائزر غلام یٰسین آزاد نے کہا کہ پنجاب میں متحدہ قومی موومنٹ نے پنجاب میں سیاسی سرگرمیاں شروع کر کے استحصالی طبقے کی نیندیں حرام کر دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کا یہ قافلہ دنِ بدن محکوم،مظلوم عوام کی شمولیت سے مستحکم ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی،مسلم لیگ،متحدہ مجلس عمل نے عوامی مسائل کے حل کے بجائے ذاتی مفادات کی سیاست کی۔

## ایم کیوایم اوورسیز امریکہ کا ششماہی کنونشن 22 سے 24 فروری کو سان فرانسسکو میں ہوگا

سان فرانسسکو۔۔۔5،فروری2008ء۔۔۔ ایم کیوایم اوورسیز امریکہ کا ششماہی کنونشن مورخہ 22 سے 24 فروری کو امریکہ کی ریاست سان فرانسسکو میں ہوگا جس میں ایم کیوایم امریکہ کے تمام یونٹوں کے ذمہ داران شرکت کریں گے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین کا ایک اجلاس ہوا جس میں سالانہ کنونشن کے پروگرام کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی۔اجلاس میں ایم کیوایم امریکہ یونٹ کے تمام ذمہ داران کو ہدایت دی گئی کہ وہ اپنے اپنے

یونٹوں کی کارکردگی پرمبنی ششماہی رپورٹ کے ہمراہ کنونشن میں شرکت کریں۔اجلاس میں ایم کیوایم امریکہ یونٹوں کی تنظیمی کارکردگی کے علاوہ ملک کی موجودہ صورتحال، پاکستان میں الیکشن 2008ء، ایم کیوایم کےفکروفلسفہ اوردیگرتنظیمی امور پرتفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں کہا گیا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے سندھ بالخصوص کراچی میں ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچا کرعوامی مسائل کےحل کیلئے گرانقدر خدمات انجام دی ہےاورانشاءاللہ ملک بھر کےعوام آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔اجلاس میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اوردرازی عمرکیلئے دعا بھی کی گئی۔

## ایم کیوایم کی منزل اقتدار کاحصول نہیں بلکہ عوام کے بنیادی حقوق کاحصول ہے،ڈاکٹرسلیم دانش

## پاکستان کودرپیش سنگین خطرات کے پیش نظر ملک بھر کےعوام کااتحادوقت کی اہم ضرورت ہے،فیض احمد

## ساؤتھ آل لندن میں عوامی رابطہ مہم کےسلسلے میں اجلاس سےایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کےارکان کاخطاب

لندن۔۔۔5،فروری2008ء۔۔ ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کےآرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی منزل اقتدار کاحصول نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے بنیادی حقوق کاحصول ہے۔یہ بات انہوں نے ایم کیوایم برطانیہ کے ذیلی ساؤتھ آل یونٹ کے زیراہتمام منعقدہ عوامی رابطہ مہم کےسلسلے میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں ایم کیوایم ساؤتھ آل یونٹ کے ذمہ داران ،کارکنان اورمقامی افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سےایم کیو برطانیہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزرفیض احمد،آرگنائزنگ کمیٹی کےارکان ہاشم اعظم ،آصف جمیل،عبدالحلیم،سہیل خانزادہ اورمجاہدعمر نے بھی خطاب کیا۔اجلاس سےخطاب کرتے ہوئے ڈاکٹرسلیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی سیاست کےگھٹن زدہ ماحول میں تازہ ہوا کاجھونکا ہےاور پاکستان بھر کےمظلوم عوام کے لئے امیدکی آخری کرن ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین وہ واحدلیڈرہیں جنہوں نے ملک کودرپیش خطرات سےقوم کو بروقت آگاہ کیااور پاکستان کےعوام کے درمیان قومی یکجہتی کے فروغ کیلئےعملی جدوجہد کی ہے۔قبل ازیں اجلاس سےخطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزرفیض احمد نے کہا کہ پاکستان کودرپیش سنگین خطرات کے پیش نظر ملک بھر کےعوام کااتحادوقت کی اہم ضرورت ہے۔اجلاس سے دیگرمقررین نےخطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کےفکروفلسفہ،پاکستان میں ہونے والے عام انتخابات اورملک وقوم کےخلاف سازشوں پراظہارخیال کرتے ہوئےعوام سے اپیل کی کہ وہ قومی سلامتی وبقاء کی خاطراپنی صفوں میں اتحادبرقراررکھیں۔

☆☆☆☆☆